**[AS PASSED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]**

A

BILL

*to restrain the solemnization of child marriages in the Islamabad Capital Territory*

**WHEREAS** it is expedient to restrain the solemnization of child marriages in the Islamabad Capital Territory;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title, extend and commencement._**

(1) This Act may be called the Islamabad Capital Territory Child Marriage Restraint Bill, 2025.

(2) It shall extend to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

**2. Definitions._**

In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context. –

a) "child" means a person male or female who is under eighteen years of age;

b) "child abuse" means as defined under the Islamabad Capital Territory Child Protection Act, 2018, and shall also include the marriage of a child or solemnization of marriage of a child with any person over the age of eighteen years or with another child;

c) "child bride" means the female child who has not attained the age of eighteen years;

d) "child groom" means the male child who has not attained the age of eighteen years;

e) "child marriage" means an act of solemnizing marriage or *Nikah* where both or either of the contracting party to the marriage is a child;

f) "Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (No. V of 1898);

g) "contracting party" to marriage means either of the party whose marriage is, or is about to be solemnized;

h) "Court" means the Court of a District & Sessions Judge;

i) "Guardian' means a person, other than a biological parent who has parental responsibility for a child, which may include a guardian appointed under the Guardians and Wards Act, 1890 (VIII of 1890); and

j) "Child Trafficking" means recruitment, transportation, transfer, harbouring or receipt of a child for the purpose of child marriage.

**3. Registration of child marriages._**

(1) No *Nikah* registrar shall register a marriage where one or both the contracting parties are below the age of eighteen years.

(2) The *Nikah* registrar or any person solemnizing *Nikah* must ensure that the contracting parties possess valid Computerized National Identity Cards (CNICs) duly issued by the National Database and Registration Authority (NADRA), clearly stating their respective date of births.

(3) Whoever contravenes with or fails to comply with sub-section (1) and (2) shall be liable to be punished with simple imprisonment for a term which shall not be more than one year and with fine amounting to one hundred thousand rupees, or both, unless he proves that he had reason to believe that the marriage was not a child marriage.

**4. Punishment for male adult above eighteen years of age marrying a Child._**

Whoever, being a male above eighteen years of age, contracts a child marriage shall be punished with rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and shall be liable to fine.

**5. Punishment of Child Abuse._**

(1) Any form of co-habitation, before attaining the age of eighteen years, with or without consent, resulting from a child marriage shall be considered child abuse under this Act.

(2) Any person who induces, forces, persuades, entices or coerces any child bride or child groom to engage in any such activity prohibited by sub-section (1) or commits an act of child abuse shall be punished with imprisonment for a term which shall not be less than five years and may extend up to seven years and with fine which shall not be less than one million rupees, or both.

## 6. Punishment of Child Trafficking. _

(1) Any person who induces, forces, persuades, entices or coerces any child and compels such child to leave the territorial boundary of Islamabad Capital Territory for the purpose of defeating and evading the provisions of this Act, with the intent to marry the child, shall commit the act of Child Trafficking and shall be punished with imprisonment, of either description for a term not less than five years which may extend to seven years with fine.

(2) Any person who recruits, harbours, transports, provides or obtains any child for the purpose of marriage shall be punished with imprisonment of either description for a term of three years with fine.

## 7. Punishment for parent or guardian concerned in a child marriage. _

(1) Where a parent or guardian or any other person in any capacity, lawful or unlawful, does any act to promote the child marriage, child abuse or permits child marriage to be solemnized, or negligently fails to prevent it from being solemnized, shall be punished with rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and shall also be liable to fine.

(2) For the purposes of this section, it shall be presumed, until contrary is proved, that where a child has been contracted into a marriage, a person having charge of such child failed to prevent the marriage from being solemnized.

## 8. Jurisdiction under this Act. _

Notwithstanding anything contained in section 190 of the Code, no Court other than the Court of District & Sessions Judge shall take cognizance of or try any offence under this Act.

## 9. Power to issue injunction prohibiting marriage in contravention of this Act. -

(1) Notwithstanding anything to the contrary contained in any other law, the Court may, if satisfied from information laid before it through an application that a child marriage in contravention of this Act is going to be arranged or is about to be solemnized, issue an injunction prohibiting such marriage:

Provided that where a parent of a child involved in a child marriage or third party has laid the information before the Court and requests to keep his/her identity hidden from the contracting parties or from the parents or guardians of the contracting parties or the other parent, then the Court shall adopt appropriate measures to protect the identity of the third party or parent who has made the application before the Court.

(2) No injunction under sub-section (1), shall be issued against any person unless the Court has previously given notice to such person, and has afforded him an opportunity to show cause against the issue of the injunction. The Court may dispense with notice if deemed necessary.

(3) The Court may, either on its own motion or on an application of any person, rescind or alter any order made under sub-section (1).

(4) Where an application under sub-section (3) above is received, the Court shall afford an opportunity to the applicant of appearing before it either in person or by pleader; and if the Court rejects the application wholly or in part, it shall record in writing its reasons for so doing.

(5) Whoever, knowing that an injunction has been issued against him under sub-section (1) of this section, disobeys such injunction, shall be punished with imprisonment of either description for a term which may extend to one year or fine or with both.

**10. Offence to be punishable and triable._**

Notwithstanding anything contained in the Code, an offence punishable under this Act shall be cognizable, non-bailable and non-compoundable.

**11. Cognizance, trial and conclusion of the case._**

The Court shall on taking cognizance of a case proceed with the trial and conclude the case within ninety days.

**12. Power to make Rules._**

The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

**13. Repeal and Savings._**

(1) The Child Marriage Restraint Act, 1929 is hereby repealed to the extent of Islamabad Capital Territory.

(2) Notwithstanding the repeal of the Child Marriages Restraint Act, 1929, all orders made, decisions taken, judgment passed by any Court, shall be deemed to have been validly made, taken and passed under this Act.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

This bill is being introduced with the object to curb, discourage and eventually eradicate the concept and phenomenon of Child marriages which are highly prevalent in Pakistan. In this modern day and age, we have the resources and the research which invariably proves that child marriage is harmful to both genders and especially girls who have hit puberty and are able to bear children. Furthermore, child marriages are in complete violation of the rights of children and international obligations and Goal 5 of the United Nations Sustainable Development Goals focuses on gender equality and includes a target to end child marriage by 2030. Therefore, in order to restrain child marriages and protect the basic rights of children, it is expedient to enact a law for the Islamabad Capital Territory.

This bill seeks to achieve the above object.

**Sd/-**
**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM,**
**Member National Assembly**

[قومی اسمبلی سے منظور کردہ صورت میں]

## اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں بچوں کی شادیوں پر پابندی عائد کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں بچوں کی شادیوں پر پابندی عائد کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ امتناع عقد بندی اطفال بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** ایکٹ ہذا میں بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی امر اس کے منافی ہو؛

(الف) "بچہ" سے مراد کوئی لڑکا یا لڑکی مراد ہے جسکی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو؛

(ب) "بچہ سے زیادتی" سے مراد جیسا کے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد تحفظ بچگان ایکٹ، ۲۰۱۸ء کے تحت وضاحت کی گئی ہے اور اس میں کسی بچہ کی شادی یا کسی بچہ کی اٹھارہ سال کی عمر سے زائد کے کسی شخص یا کسی دوسرے بچہ کے ساتھ شادی کا انعقاد بھی شامل ہوگا؛

(ج) "بچی دلہن" سے مراد لڑکی مراد ہے جو اٹھارہ سال کی عمر کو نہ پہنچی ہو؛

(د) "بچہ دولہا" سے لڑکا مراد ہے جو اٹھارہ سال کی عمر کو نہ پہنچا ہو؛

(ہ) "بچے کی شادی" سے مراد شادی یا نکاح کا عمل ہے جہاں شادی کا معاہدہ کرنے والا فریق دونوں یا کوئی ایک بچہ ہو؛

(و) "مجموعہ" سے مراد مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) ہے؛

(ز) شادی سے متعلق "معاہدہ کنندہ" سے مراد وہ فریق ہے جس کی شادی ہو چکی ہو یا ہونے والی ہو؛

(ح) "عدالت" سے مراد کسی ضلع اور سیشن جج کی عدالت ہے؛

(ط) "سرپرست" سے مراد حقیقی والدین کے علاوہ کوئی ایسا شخص مراد ہے جس پر کسی بچے کی پدری ذمہ داری ہو، اس میں گارڈین اینڈ وارڈز ایکٹ، ۱۸۹۰ء (نمبر ۸ بابت ۱۸۹۰ء) کے تحت مقرر کردہ سرپرست شامل ہو سکتا ہے؛ نیز

(ی) "بچوں کی اسمگلنگ" سے مراد بچے کو شادی کی غرض سے بھرتی، نقل و حمل، تبادلہ، پناہ دینا یا اسے وصول کرنا ہے۔

۳۔ **بچوں کی شادیوں کا اندراج۔** (۱) کوئی نکاح رجسٹرار بھی ایسی شادی کا اندراج نہیں کرے گا جہاں نکاح کرنے والا ایک یا دونوں فریق اٹھارہ سال کی عمر سے کم ہوں۔

(۲) نکاح رجسٹرار یا نکاح پڑھانے والا کوئی شخص اس امر کو یقینی بنائے گا کہ نکاح کرنے والے دونوں فریق نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی جانب سے باضابطہ طور پر جاری کردہ کار آمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی)، جس پر ان کی تاریخ پیدائش واضح طور پر درج ہو، کے حامل ہوں۔

(۳) جو کوئی بھی ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کی خلاف ورزی کرتا ہے یا ان کی تعمیل میں ناکام رہتا ہے تو وہ میعاد جو کہ ایک سال سے زیادہ نہ ہوگی کی قید محض یا جرمانہ جس کی رقم ایک لاکھ روپے ہوگی یا دونوں کا مستوجب سزا ہوگا جب تک کہ وہ یہ ثابت نہ کر دے کہ اس کے پاس یہ یقین کرنے کی وجہ تھی کہ شادی بچوں کی شادی نہیں تھی۔

۴۔ **کم سن لڑکی سے شادی کرنے پر اٹھارہ سال سے زائد عمر کے مرد کی سزا۔** اگر اٹھارہ سال سے زائد عمر کا مرد کم سن لڑکی سے شادی کرے، تو اسے کم از کم دو سال اور زیادہ سے زیادہ تین سال تک قید بامشقت اور جرمانے کی سزا دی جائے گی۔

۵۔ **بچوں سے زیادتی کی سزا۔** (۱) اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے سے قبل رضامندی کے ساتھ یا رضامندی کے بغیر شادی کے نتیجے میں کسی بھی قسم کی مباشرت ایکٹ ہذا کے تحت نابالغ فرد سے زیادتی سمجھی جائے گی۔

(۲) جو شخص بھی کسی نابالغ دلہن یا نابالغ دولہے کو کسی بھی ایسی سرگرمی میں شامل ہونے پر مائل کرے، مجبور کرے، ترغیب دے، یا زبردستی کرے، جو ذیلی دفعہ (۱) کی رو سے ممنوع قرار دیا گیا ہے یا نابالغ فرد سے زیادتی کا ارتکاب کرے، تو اسے کم از کم پانچ سال اور زیادہ سے زیادہ سات سال تک قید یا کم از کم دس لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا مستوجب قرار دیا جائے گا۔

۶۔ **بچوں کی اسمگلنگ کی سزا۔** (۱) کوئی شخص جو کسی بچے کو اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کی علاقائی حدود کو چھوڑنے کیلئے آمادہ کرتا ہے، قائل کرتا ہے، مجبور کرتا ہے، ورغلاتا ہے یا زبردستی کرتا ہے اور ایکٹ ہذا کی تصریحات کو مسترد کرنے کی غرض سے بچہ سے شادی کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ بچوں کی اسمگلنگ کا مرتکب ہوگا اور قید جو کم از کم پانچ سال اور زیادہ سے زیادہ سات سال کی سزا بمع جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔

(۲) اگر کوئی شخص شادی کی غرض سے کسی بچہ کو ملازمت پر رکھتا ہے، پناہ دیتا ہے، نقل و حمل عمل میں لاتا ہے اور کسی دوسرے شخص کی تحویل میں دیتا ہے یا اپنی تحویل میں رکھتا ہے تو وہ تین سال قید بمع جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔

۷۔ **بچوں کی شادی سے متعلق والدین اور سرپرست کیلئے سزا۔** (۱) والدین یا سرپرست یا کوئی دیگر شخص کسی بھی طرح، قانونی یا غیر قانونی طریقے سے بچوں کی شادی کے فروغ، بدسلوکی یا شادی کے انعقاد کی اجازت دیتا ہے یا ایسی شادی کو روکنے میں ناکام رہتا ہے تو وہ سزا جو کہ تین سال مگر دو سال سے کم نہ ہو، قید بامشقت اور جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔

(۲) دفعہ ہذا کی اغراض کے لیے، یہ تصور کیا جائے گا تاوقتیکہ اس کے برخلاف ثابت نہ ہو، کہ کسی بچے کو شادی کے بندھن میں باندھا جائے، ایسے بچے کا ذمہ دار / سرپرست شخص شادی کو رسمی طور پر ادا کئے جانے کو روکنے میں ناکام رہا ہے۔

۸۔ **ایکٹ ہذا کے تحت دائرہ اختیار۔** باوجود اس امر کے کہ ضابطہ کی دفعہ ۱۹۰ میں جو کچھ مذکور ہو، کوئی بھی عدالت ماسوائے ڈسٹرکٹ اور سیشن جج کی عدالت کے، ایکٹ ہذا کے تحت کسی جرم کا نوٹس نہیں لے گی یا سماعت نہیں کرے گی۔

۹۔ **ایکٹ ہذا کی خلاف ورزی میں امتناع مقدر کا حکم امتناعی جاری کرنے کا اختیار۔** (۱) باوجود اس امر کے کہ دیگر کسی قانون میں کچھ اور مذکور ہو، عدالت اگر درخواست کے ذریعے اس کے سامنے پیش کی گئی معلومات سے مطمئن ہو کہ ایکٹ ہذا کے برخلاف کسی بچے کی شادی کے انتظامات کئے جا رہے ہیں یا رسمی طور پر شادی کی تکمیل ہونے جا رہی ہے ایسی صورت میں ایسی شادی کا حکم امتناعی جاری کر سکتی ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ بچے کی شادی میں بچے کے والدین ملوث ہوں یا تیسرے فریق نے عدالت کے سامنے معلومات پیش کی ہوں اور معاہداتی فریقین سے یا والدین سے یا معاہداتی فریقین کے سرپرستوں سے اس کی شناخت کو پوشیدہ رکھنے کی درخواست کی ہو، اس پر عدالت فریق ثالث یا والدین جنہوں نے عدالت کو درخواست دی ہو، کے تحفظ کے مناسب اقدامات اختیار کرے گی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کسی بھی شخص کے خلاف کوئی حکم جاری نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ عدالت نے پہلے ایسے شخص کو نوٹس نہ دیا ہو، اور اسے حکم کے اجراء کے خلاف اظہار وجوہ کا موقع فراہم نہ کیا ہو۔ اگر عدالت ضروری سمجھے تو نوٹس جاری کر سکتی ہے۔

(۳) عدالت اپنی تحریک یا کسی شخص کی درخواست پر ذیلی دفعہ (۱) کے تحت جاری کردہ کسی حکم کو منسوخ یا تبدیل کر سکتی ہے۔

(۴)    اگر حسب بالا ذیلی دفعہ (۳) کے تحت درخواست موصول ہوتی ہے تو، عدالت درخواست گزار کو ذاتی طور پر یا وکیل کے ذریعہ اپنے سامنے پیش ہونے کا موقع فراہم کرے گی، اور اگر عدالت درخواست کو مکمل یا جزوی طور پر مسترد کرتی ہے، تو وہ ایسا کرنے کی وجوہات تحریری طور پر ریکارڈ کرائے گی۔

(۵)    جو کوئی بھی یہ جانتے ہوئے کہ اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اس کے خلاف حکم جاری کیا گیا ہے، اور ایسے حکم کی خلاف ورزی کرے تو اسے کسی بھی نوعیت کی سزا یعنی قید جو کہ ایک سال کی مدت کے لیے یا جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں۔

۱۰۔    **قابل سزا اور قابل سماعت جرم۔**    باوجود اس کے کہ ضابطہ میں کوئی چیز مذکور ہو، ایکٹ ہذا کے تحت قابل سماعت، ناقابل ضمانت اور ناقابل مصالحت ہو گا۔

۱۱۔    **مقدمہ کا نوٹس لینا، سماعت اور فیصلہ کرنا۔**    عدالت کسی مقدمے کا نوٹس لینے کے بعد اس پر سماعت کا آغاز کرے گی اور نوے دن کے اندر مقدمے کا فیصلہ کرے گی۔

۱۲۔    **قواعد سازی کا اختیار۔**    وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لیے سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۱۳۔    **تنسیخ اور استثنیٰ۔**    (۱)    امتناع عقد بندی اطفال ایکٹ، ۱۹۲۹ء علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حدود تک بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

(۲)    امتناع عقد بندی اطفال ایکٹ، ۱۹۲۹ء کے منسوخ ہونے کے باوجود کسی بھی عدالت کی جانب سے جاری کردہ تمام احکامات، کیے گئے فیصلے یا دی گئی آراء ایکٹ ہذا کے تحت درست طور پر جاری کردہ، کیے گئے اور دی گئی متصور ہوں گے۔

## بیان اغراض و وجوہ

بل ہذا بچوں کی کم سنی کی شادیوں کے رجحان اور تصور کو روکنے، حوصلہ شکنی اور بالآخر اس کے خاتمہ کے مقصد کے ساتھ متعارف کرایا جا رہا ہے جو پاکستان میں بہت زیادہ رواج پا چکا ہے۔ اس عصر جدید میں ہمارے پاس ذرائع و تحقیق موجود ہیں جو ہمیشہ یہ ثابت کرتی ہے کہ کم سنی کی شادی دونوں جنسوں کے لئے نقصان دہ ہے بالخصوص لڑکیوں کے لئے جو ابھی سن بلوغت کو پہنچی ہوں اور بچوں کو جنم دینے کے قابل ہو چکی ہوں۔

مزید بر آں، بچوں کی شادیاں ان کے حقوق اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی مکمل خلاف ورزی ہے اور اقوام متحدہ کی ترقی کے اہداف کا ہدف ۵ صنفی مساوات پر مرکوز ہے اور اس میں ۲۰۳۰ء تک کم عمری کی شادی کو ختم کرنے کا ہدف بھی شامل ہے۔ بچوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کے قانون وضع کرنا قرین مصلحت ہے۔

بل ہذا کا مقصد بالا اہداف کا حصول ہے۔

دستخط۔
محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام،
رکن قومی اسمبلی